انشاء اللہ سوویت یونین سے بھی بدتر ہوگا۔

آج جب کہ صومال کے مسلمان اپنے مقتدر علماء کی قیادت میں متحد ہو کر امریکہ کے خلاف میدان میں اتر چکے ہیں تو اس وقت ان کے راستے کی سب سے بڑی رکاوٹ پاکستان کی مسلح افواج ہیں جو صومال میں امریکی فوجوں کے لیے ڈھال بنی ہوئی ہیں اور بزدل امریکی پاکستان افواج کو اپنے سامنے رکھ کر اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کر رہے ہیں۔

ہم قطعی طور پر یہ گوارہ نہیں کرتے کہ ہمارے گولوں اور گولیوں کا ہدف پاکستانی بنے جو کہ مسلمان ہیں اور جنہیں اب تک ہم اپنی قدر کی نگاہ سے دیکھتے رہے ہیں۔ کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ پاکستان کے حکمرانوں نے امریکہ کی خوشنودی اور چند ڈالروں کے عوض پاکستان کی مسلمان فوج کو صومال کے مسلمانوں کے قتل عام کے لیے بھیج دیا ہے۔ ہم اپنی طرف سے صومال کے یتیم بچوں اور بیوہ عورتوں کی طرف سے پاکستان کے معزز علماء کرام سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنا اثر و رسوخ استعمال کر کے پاکستان کی حکومت کو اس پر آمادہ کریں کہ فوری طور پر صومال سے پاکستانی افواج کو واپس بلائے اور مسلمانوں کے قتل عام سے انہیں باز رکھے۔

ہمیں یقین ہے کہ ہماری اس درد بھری دعوت پر پاکستان کے علماء لبیک کہیں گے اور حکومت پاکستان کو مجبور کریں گے کہ وہ اپنی فوجوں کو فوری واپسی کے احکام جاری کرے تاکہ امریکہ اس میدان میں ہمارے سامنے اکیلا رہ جائے اور ہم ڈٹ کر اس کا مقابلہ کر سکیں۔ الحمدللہ ہم مسلح اسلامی جہاد شروع کر چکے ہیں جو امریکہ کی بربادی تک کامیابی سے جاری رہے گا (انشاء اللہ) (مرسلہ حرکتہ الانصار)

محکمۂ تعلیم کے اعلیٰ افسران توجہ کریں

جماعت نہم کی انگلش کتاب کا اردو ترجمہ شائع کردہ تعلیمی کتب خانہ ، اردو بازار لاہور ہمارے سامنے ہے اس کتاب کی ابتداء میں ایک مضمون بعنوان "نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم" شائع ہوا ہے اس مضمون کا حصہ دوم صفحہ نمبر ۲ سے شروع ہوتا ہے اس حصہ میں مصنف نے آنحضرتؐ کے سفر ہجرت کا تذکرہ اس طرح کیا ہے۔

"وقت گزرتا چلا گیا اہل قریش کی دشمنی اور بڑھ گئی۔ مسلمانوں کے پاس اس کے سوا اور کوئی چارہ نہ تھا کہ مکہ مکرمہ سے ہجرت کر جائیں۔ ابوجہل اور دوسرے اسلام دشمن لوگوں نے نبی اکرمؐ کو قتل (نعوذ باللہ) کرنے کا منصوبہ بنایا ایک رات وہ نبی اکرمؐ کے گھر کے باہر کھڑے ہو گئے انہوں نے صبح ہونے تک انتظار کیا اور گھر کے اندر داخل ہو گئے۔ لیکن ان کی حیرانی کی انتہا نہ رہی جب انہوں نے حضرت علیؓ کو نبی اکرمؐ کا چوغہ پہنے نبی اکرمؐ کے بستر میں سوتے پایا نبی اکرمؐ نے ایک غار میں پناہ لی قریش والوں